**25-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

----------------------------------

Music

----------------------------------

☆ لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے میں 58 حلقوں میں 59 فیصد سے زیادہ پولنگ ریکارڈ کی گئی۔

☆ اڈیشہ میں اسمبلی چناؤ کے تیسرے مرحلے کیلئے بھی آج ووٹ ڈالے گئے۔

☆ انتخابی کمیشن نے لوک سبھا انتخابات کے پہلے پانچ مرحلوں کیلئے رائے دہندگان کی حتمی تعداد کی تفصیل جاری کی ہے اور زور دے کر کہا ہے کہ ووٹ ڈالنے والوں کے اعداد وشمار ہمیشہ امیدواروں کے پاس دستیاب رہتے ہیں۔

☆ سمندری طوفان Remal کے کل آدھی رات تک بنگلہ دیش اور مغربی بنگال کے ساحل کے درمیان پہنچنے کا امکان ہے۔

☆ کانس فلم فیسٹیول میں Anasuya سین گپتا نے تاریخ ساز کارنامہ انجام دیا ہے۔ وہ بہترین اداکارہ کا ایوارڈ حاصل کرنے والی پہلی بھارتی بن گئی ہیں۔

☆ اور کھیلوں میں،

جاپان کے شہر Kobe میں پیرا ایتھلیٹکس عالمی چمپئن شپ میں بھارت کی سمرن شرما نے خواتین کے 200 میٹر کے T12 زمرے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں، پی وی سندھو کوالالمپور میں جاری ملیشیا ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے خواتین سنگلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

----------------------------------

(Music)

----------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Polling**

لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے میں آج 6 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں میں 58 پارلیمانی سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے گئے۔ رات آٹھ بجے تک 59 فیصد سے زیادہ پولنگ ریکارڈ کی گئی۔

آج جن سیٹوں کیلئے ووٹنگ ہوئی ہے، اُن میں اترپردیش کی 14 سیٹیں، ہریانہ کی سبھی 10 سیٹیں، بہار اور مغربی بنگال میں آٹھ-آٹھ، دلّی کی سبھی 7 سیٹیں، اڈیشہ میں 6، جھارکھنڈ میں 4 اور جموں وکشمیر کی ایک پارلیمانی سیٹ شامل ہیں۔

جموں وکشمیر میں اننت ناگ-راجوری پارلیمانی حلقے میں 52 فیصد سے زیادہ ووٹنگ ریکارڈ کی گئی جو گذشتہ 35 سال میں سب سے زیادہ ہے۔

بہار میں 53 فیصد سے زیادہ لوگوں نے حق رائے دہی کا استعمال کیا جبکہ ہریانہ میں 58 فیصد سے زیادہ، جھارکھنڈ میں تقریباً 63 فیصد اور دلّی میں 54 فیصد سے زیادہ پولنگ ریکارڈ کی گئی۔

اڈیشہ میں 60 فیصد سے زیادہ ووٹروں نے حق رائے دہی کا استعمال کیا جبکہ اترپردیش میں ووٹنگ کا فیصد 54 فیصد سے زیادہ رہا۔ مغربی بنگال میں 78 فیصد سے زیادہ ووٹنگ ریکارڈ کی گئی۔

اس مرحلے میں مجموعی طور پر 889 امیدوار انتخابی میدان میں تھے۔ سرکردہ امیدواروں میں BJP کے سرکردہ لیڈر سمبل پور سے دھرمیندر پردھان، سلطان پور سے مینکا گاندھی، کرکشیتر سے نوین جندل، شمال مشرقی دلّی سے منوج تیواری اور Tamluk حلقے سے ابھجیت گانگولی شامل ہیں۔

کانگریس پارٹی کے سرکردہ امیدواروں میں روہتک سے دیپیندر سنگھ ہُڈا، سرسا سے کماری شیلجا، اور گڑگاؤں سے راج ببر شامل ہیں۔

سماجوادی پارٹی کے لیڈر دھرمیندر یادو نے اعظم گڑھ سے جبکہ PDP کی سربراہ محبوبہ مفتی نے اننت ناگ-راجوری سیٹ سے چناؤ لڑا۔

قومی راجدھانی دلّی میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال ووٹ ڈالنے والے سرکردہ لیڈروں میں شامل ہیں۔

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے ووٹ ڈالنے کے بعد نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ووٹنگ ایک ذمہ داری کے ساتھ ساتھ ایک اختیار بھی ہے۔

جناب دھنکھڑ نے کہا کہ بھارت دنیا کی سب سے متحرک، سرگرم اور موثر جمہوریت ہے۔

ادھر اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے دلّی میں اپنا ووٹ ڈالنے کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ شدید گرمی کے مدنظر پولنگ کیلئے مناسب انتظامات کئے گئے۔

کانگریس کے سرکردہ لیڈروں، سونیا گاندھی، راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی، مرکزی وزیروں، ڈاکٹر ایس جے شنکر اور ہردیپ سنگھ پوری، دلّی کی وزیر اور عام آدمی پارٹی کی لیڈر آتشی نے بھی دلّی میں مختلف پولنگ مرکزوں پر اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کیا۔

آج ہی اڈیشہ اسمبلی چناؤ کے تیسرے مرحلے میں 42 سیٹوں کیلئے بھی پولنگ ہوئی۔ اِس کے علاوہ ہریانہ میں کرنال سیٹ اور اترپردیش میں Gainsari حلقے کے اسمبلی ضمنی چناؤ کیلئے بھی ووٹ ڈالے گئے۔x

## Delhi Poll

دلی میں شام سات بجے تک لوک سبھا انتخابات کے لیے 54 فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی۔ تمام سات لوک سبھا سیٹوں میں سب سے زیادہ 58 فیصد ووٹنگ، شمال مشرقی دلی لوک سبھا حلقے میں اور سب سے کم نئی دلی سیٹ پر 51 فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی۔ ×

## ECI Voter Turnout Data

انتخابی کمیشن نے آج، لوک سبھا انتخابات کے ابتدائی پانچ مرحلوں کے لیے ووٹروں کی قطعی تعداد جاری کی ہے۔ اُس نے یہ وضاحت کی ہے کہ ووٹروں کی تعداد سے متعلق اعداد و شمار ہمیشہ امیدواروں کو دستیاب تھے۔ اُس نے اطلاع دی ہے کہ ملک میں لوک سبھا انتخابات کے پہلے پانچ مرحلوں تک 50 کروڑ 72 لاکھ افراد نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا ہے۔ یہ اعداد و شمار سپریم کورٹ کی جانب سے اُس عرضداشت کو خارج کیے جانے کے ایک دن بعد جاری کیے گئے ہیں، جس میں انتخابی کمیشن کو یہ ہدایت دینے کا مطالبہ کیا گیا تھا کہ وہ فارم 17 سی کی مستند، اسکین کی ہوئی اور قانونی دستاویز کی حیثیت رکھنے والی کاپیاں اپ لوڈ کرے جس میں بوتھ وار ووٹوں کی تعداد بتائی گئی ہو۔کمیشن کی جانب سے مہیا کرائے گئے اعداد و شمار کے مطابق لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں گیارہ کروڑ 52 ہزار لوگوں نے ووٹ ڈالے۔ دوسرے مرحلے میں دس کروڑ 58 لاکھ، تیسرے مرحلے میں گیارہ کروڑ 32 لاکھ سے زیادہ لوگوں نے ووٹ ڈالے، چوتھے مرحلے میں بارہ کروڑ 24 لاکھ اور پانچویں مرحلے میں پانچ کروڑ 57 لاکھ لوگوں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔×

## Campaigning

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں ور آخری مرحلے کے لیے انتخابی مہم جاری ہے۔ سیاسی پارٹیوں کے بڑے لیڈر اپنی پارٹی کے حق میں ووٹروں کو راغب کرنے کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑ رہے ہیں۔ اِس مرحلے میں سات ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کے 57 پارلیمانی حلقوں میں پہلی جون کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس مرحلے میں کل 904 امیدوار میدان میں ہیں۔

اترپردیش میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے بڑے لیڈروں نے آج اپنی پارٹی کے امیدواروں کے لیے انتخابی مہم کی۔ آکاشوانی کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ وزیراعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے غازی پور میں آج پارٹی کے امیدوار کے حق میں ایک سیاسی ریلی کی۔

انہوں نے کہا کہ کانگریس کاموں میں تاخیر کرنے اور عوام کے حقوق کو غصب کرنے کی ماہر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ ہمارے بہادر فوجی جوانوں کو بھی 'ایک رینک، ایک پنشن' اسکیم کا فائدہ اٹھانے نہیں دیں گے۔

وزیراعظم نے کہا کہ پچھلے دس برسوں میں حکومت نے 25 کروڑ لوگوں کو خط افلاس سے باہر لانے میں اہم رول ادا کیا ہے۔ غریب لوگوں کو گھر، ٹوائیلٹ، بجلی اور LPG کے گیس کنکشن ملے ہیں، ساتھ ہی انہیں پانچ کلو اناج مفت میں دیا گیا ہے۔

S/B - 2100 - PM - 10 Years

وزیراعظم آج رات وارانسی میں قیام کریں گے اور کل وہ اترپردیش میں تین مزید ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

دوسری طرف کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرا اور سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو کی اہلیہ ڈمپل یادو نے وارانسی میں پارٹی امیدوار کے حق میں ایک روڈ شو کیا۔

اس سے قبل دن میں پرینکا گاندھی اور سماجوادی پارٹی کے قومی صدر اکھلیش یادو نے گورکھپور میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ پرینکا گاندھی نے کہا کہ مرکز میں NDA حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ملک میں افراط زر اور بے روزگاری میں اضافہ ہوا ہے، جس کی وجہ سے عام آدمی کو مسائل کا سامنا ہے۔

S/B - 2100 - Priyanka Gandhi

ایس پی کے صدر اکھلیش یادو نے دعوی کیا کہ پوروانچل کی زیادہ تر سیٹوں پر انتخابی ماحول یہ اشارہ کر رہا ہے کہ اِس مرتبہ صرف آئی۔ این۔ڈی۔آئی۔اے اتحاد کی ہی جیت ہوگی۔

بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی نے گورکھپور میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ انہوں نے کانگریس کی غلط پالیسیوں کے لیے اُس کی نکتہ چینی کی جس کی وجہ سے اس کا زوال ہوا۔ انہوں نے BJP پر بھی حملہ کیا کہ اُس نے سرمایہ کاروں اور امیر آدمیوں کی حمایت کی اور غریبوں کو نظرانداز کیا۔

S/B - 2100 - Mayawati

BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ہماچل پردیش میں آج دو انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔ کانگریس کے قومی صدر ملکارجن کھڑگے نے شملہ پارلیمانی حلقے کے تحت Rohru میں ایک ریلی کی۔×

**IMD Cyclone**

بھارتی موسمیات محکمے نے پیشگوئی کی ہے کہ مشرقی وسطی خلیج بنگال پر ہوا کے دباؤ کا حلقہ شدت اختیار کرکے سمندری طوفان میں بدل جائے گا اور یہ کل آدھی رات کو انتہائی شدید طوفان کی شکل میں بنگلہ دیش اور مغربی بنگال کے ساحل کو پار کرجائے گا۔

اِس کے زیر اثر مغربی بنگال اور اڈیشہ کے ساحلی ضلعوں نیز شمال مشرقی ریاستوں میں اگلے چار دن کے دوران کہیں شدید اور کہیں بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

ادھر شمال مغربی بھارت میں شدید گرمی کا زور جاری ہے۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ خصوصی گفتگو میں بھارتی موسمیات محکمے کے سائنسداں ڈاکٹر آر کے جینامنی نے کہا کہ شمال مغربی بھارت کے میدانی علاقوں میں تیز گرمی کا سلسلہ جاری رہے گا۔

انھوں نے بتایا کہ مغربی ہمالیائی خطے، ودربھ اور چھتیس گڑھ میں اگلے چار-پانچ دن تک شدید گرمی کے حالات رہیں گے۔x

## Cannes Award

اداکارہ Anasuya Sengupta نے فرانس میں 77 ویں کانس فلم فیسٹیول میں بہترین اداکارہ کا خطاب جیت کر تاریخ رقم کی ہے۔ وہ یہ ایوارڈ جیتنے والی پہلی بھارتی اداکارہ ہیں۔ انہوں نے The Shamless فلم میں دل کو چھولینے والی اپنی اداکاری کے دم پر یہ ایوارڈ حاصل کیا ہے۔ بلغاریا کے فلم ساز Constantin Bojanov اس فلم کے قلم کار اور ہدایت کار ہیں۔ انہوں نے فیسٹیول کے 77ویں ایڈیشن میں Un Certain Regard کے سیکشن میں یہ ایوارڈ جیتا ہے۔ اِس سے قبل فیسٹیول میں بھارت کے فلم اور ٹیلی ویژن انسٹی ٹیوٹ FTII کے طالبعلم Chidanand S Naik اور ان کی ٹیم کی بنائی ہوئی فلم Sunflowers were the first ones to know کو La Cinef ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ ×

## IGNCA DD Bharti

اندرا گاندھی قومی مرکز برائے آرٹس اور پرسار بھارتی ہر اتوار کو DD بھارتی پر IGNCA کے ثقافتی پروگراموں کو پیش کرنے کی غرض سے شراکت کر رہے ہیں۔ اپنی نوعیت کی یہ منفرد اسکیم ایک ایسا قدم ہے جس میں ایک سرکاری ادارہ اپنے کیے ہوئے کاموں کو پیشہ ورانہ طور پر عوام کے سامنے پیش کرے گا۔ IGNCA کے ممبر سکریٹری ڈاکٹر سچیدانند جوشی کا کہنا ہے کہ اِس کا مقصد ہفتے وار ثقافتی پروگرام کے ذریعے بھارت کی فراواں ثقافت کی مختلف جہات کو دکھانا ہے۔×

## Badmentn

دو مرتبہ اولمپک تمغہ جیتنے والی بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو ملیشیا کے کوالالمپور میں آج ملیشیا ماسٹرس بیڈمنٹن کے خواتین کے سنگلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ پی وی سندھو نے عالمی نمبر 20 تھائی لینڈ کی کھلاڑی Busanan Ongbamrungphan کو تیرہ-اکیس، اکیس -سولہ، اکیس-بارہ سے ہرایا۔ اب فائنل میں کل ان کا مقابلہ چین کی Zhi Yi Wang سے ہوگا۔ Wang نے سیمی فائنل میں Yi Man Zhang کو اکیس-نو، اکیس-گیارہ سے شکست دی۔×

## Para Athletics

بھارت کی سمرن شرما نے جاپان کے شہر Kobe میں، پیرا ایتھلیٹکس عالمی چمپئن شپ میں خواتین کے 200 میٹر ٹی12 زمرے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ انہوں نے اپنا ذاتی 24 اعشاریہ نو پانچ سیکنڈ کا ریکارڈ بھی بنایا۔ خواتین کے سو میٹر T 35 زمرے میں بھارت کی پریتی پال نے کانسے کا تمغہ جیتا، جو اِس چمپئن شپ میں ان کا دوسرا تمغہ ہے۔ اِس سے قبل پریتی نے اسی زمرے میں 200 میٹر میں کانسے کا تمغہ جیتا تھا۔ ایک اور بھارتی کھلاڑی، نودیپ نے بھی آج مردوں کے Jevelin تھرو F41 زمرے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔ اِس طرح بھارت کے تمغوں کی کل تعداد 17 تک پہنچ گئی ہے جو اس مقابلے کی تاریخ میں سب سے زیادہ ہے۔×

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں کل رات چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں دوسرے کوالیفائر میچ میں سن رائزرس حیدرآباد، راجستھان رائلس کو 36 رن سے ہراکر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ جیت کیلئے 176 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے راجستھان رائلس مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ پر صرف 139 رن ہی بناسکی۔ اِس سے پہلے راجستھان رائلس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

سن رائزرس حیدرآباد نے مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ پر 175 رن بنائے۔

اب سن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ کل فائنل میں چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔×

## Maldives RuPAY

مالدیپ بھارت کی RuPAY خدمات کو متعارف کرانے کے لیے تیار ہے۔ اِس قدم کو مالدیپ کے Rufiyaa کے لیے ایک بڑے فروغ کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ اِدھر اس کے آغاز کی تاریخ کا ابھی کوئی اعلان نہیں کیا گیا ہے۔ مقامی خبروں میں آئی رپورٹوں میں مالدیپ کے اقتصادی ترقی اور تجارت کے وزیر محمد سعید کے حوالے سے لکھا گیا ہے کہ انہوں نے یہ بتایا کہ کس طرح بھارت اور چین نے مقامی کرنسی کا استعمال کرتے ہوئے باہمی تجارت سے اتفاق کیا ہے۔ اِس قدم کا مقصد امریکی ڈالر پر انحصاریت میں کمی کرنا اور علاقائی مالی سلامتی کو مضبوط کرنا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆